مولانا عبدالقیوم حقانی

تبصرہ کتب



فوز وسعادت کے ایک سو پچاس چراغ | تالیف :- جناب طالب الہاشمی صاحب۔ صفحات ٦٥٠ ہدیہ ١٢٠/-
پتہ :- اسلامک پبلشرز ١٧- اردو بازار - لاہور

عظیم مورخ اور ملک کے معروف انشاء پرداز جناب طالب ہاشمی صاحب ملت اسلامیہ کے ایک بیدار مغز، خوش ذوق اور خوش نصیب فرد ہیں جن کا پیارا قلم کائنات کے پیارول (صحابہ کرامؓ) کے ماہ و سال مستند مآخذ سے پوری تحقیق جامعیت، خوبصورتی اور تسلسل کے ساتھ اردو کی تاریخ کے دامن میں محفوظ کر رہا ہے اس سے پہلے تھوڑے تھوڑے وقفہ سے آپ کے قلم زیب رقم سے تقریباً چھ صد صحابہ کرامؓ اور صحابیاتؓ کا تذکرہ بارہ کتابوں کی شکل میں منظر عام پر آ چکا ہے جسے ملت کے ہر طبقہ نے ذوق و شوق اور دلچسپی سے پڑھا۔ مصنّف علام نے حال ہی میں درج بالا پیارے نام سے یک صد پچاس صحابہ کرامؓ کے انمول حیات پر پھر ایک خوبصورت ترین کتاب لکھ کر اردو کی اسلامی تاریخ میں ایک زبردست اضافہ کیا۔

مصنف کے قلم سے صحابیات کے موضوع پر کتاب کا مقدمہ بجائے خود ایک مفید رسالہ ہے اور ابتدائیہ کے طور پر "انسانیت کی صحیح گرہ کشائی" کے عنوان سے عالم اسلام کی عزیز متاع مولانا ابوالحسن علی ندوی کا مختصر مگر اس موضوع پر نہایت جامع قابل قدر اور شاندار مضمون بھی شامل ہے۔ ہاشمی صاحب کی خوش ذوقی کی حد ہے کہ ابتدائے کتاب سے انتہا تک جہاں کہیں کسی صفحہ میں کوئی جگہ خالی ملتی گئی ہاشمی صاحب وہاں چوکھٹے میں با حوالہ کسی مختصر حدیث شریف کا ترجمہ نقل کرتے گئے اس طرح پوری کتاب میں حدیث پاک کا ایک بڑا ذخیرہ بھی جمع ہو گیا بہت سے مقامات پر حاشیہ میں بھی مفید اور ضروری تعلیقات پائے جاتے ہیں۔ غرض کتاب صوری اور معنوی خوبیوں سے لبریز ہے۔ کاغذ اعلیٰ، کتابت عمدہ اور طباعت بہترین ہے اور قیمت بھی معقول ہے۔ (ق ع ح)

"دو قابل قدر تحریریں" | از مولانا قاری قیام الدین الحسینی - شائع کردہ - مجلس تحفظ ناموس صحابہ، پنڈ دادن خان

مذکورہ نام کے اس رسالہ میں ٨ صفحات پر پھیلے ہوئے دو مضامین ہیں ایک محترم قاری قیام الدین الحسینی کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے اور دوسرے کی نسبت محترمہ ذکیہ سلطانہ صاحبہ پی ایچ ڈی کراچی کو کی گئی ہے۔ رسالہ کا نام اس پر